P.R.No.52/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

ماحولیاتی آلودگی کو چیک کرنے کے لئے وفاقی محتسب کا خوش آئند اقدام

وفاقی محتسب کی ہدایت پرای پی اے اور اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے ایس او پیز تیار کر دیئے

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی (ای پی اے) اور اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے ایس او پیز تیار کر کے وفاقی محتسب کو رپورٹ دے دی ہے۔ ایس او پیز کے مطابق گاڑیوں کا دھواں اور کاربن ماحولیاتی آلودگی کا بنیادی سبب ہے جو انسانی صحت کے لئے بھی بہت مضر اور قلبی بیماریوں کا باعث ہے۔ ماحولیاتی تحفظ کے لئے گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے تیار کردہ ایکشن پلان کو مختصر مدتی (اٹھارہ ماہ) اور طویل مدتی (پانچ سال) کے دو مرحلوں میں تقسیم کیا گیا ہے، ایس او پیز کے مطابق پہلی ترجیح دھواں چھینکنے والی اور ڈیزل گاڑیوں کی چیکنگ ہے جبکہ پبلک ٹرانسپورٹ، آلودگی کا باعث بننے والی پرانی گاڑیوں، ٹرکوں اور ٹریکٹروں کی کلیرنس پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے تاکہ اسلام آباد کو آلودگی سے پاک شہر قرار دیا جاسکے۔ ایس او پیز کے طویل مدتی ایکشن پلان میں الیکٹرک گاڑیوں کو پروموٹ کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی (ای پی اے) نے سال 09-2008ء میں گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے نیشنل انوائرمینٹل کوالٹی اسٹینڈرڈز (NEQS) کے نام سے معیارات تیار کئے جن کے مطابق آئی سی ٹی اور اسلام آباد پولیس کے تعاون سے گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیرنس جاری رہتی ہے۔ 2025-2024ء کے دوران ان معیارات کی سنگین خلاف ورزیوں کے باعث 215 گاڑیوں کو جرمانے کئے گئے جبکہ 32 گاڑیوں کو بند کیا گیا۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے چند ہفتے قبل متعدد شکایات پر اسلام آباد کے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیرنس کے لئے لمبی قطاروں کا نوٹس لیتے ہوئے اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ اور تحفظ ماحولیات کے ذمہ داران کو طلب کر کے وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان کو انوسٹی گیشن آفیسر مقرر کیا تھا۔ وفاقی محتسب کے نوٹس کے بعد بتایا گیا کہ سال 2015ء ماڈل تک کی گاڑیوں کی کلیرنس کی جارہی ہے۔ وفاقی محتسب کے نوٹس کے بعد گاڑیوں کی لمبی قطاروں کا خاتمہ ہو گیا تھا تاہم وفاقی محتسب نے ای پی اے اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ باہم رابطے سے گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ کے لئے ایس او پیز تیار کریں اور آئندہ عوام الناس کو اس مقصد کے لئے پریشان نہ کیا جائے۔ اب ای پی اے اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے آئندہ گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے ایکشن پلان اور ایس او پیز تیار کر کے وفاقی محتسب کو بھجوا دیئے ہیں۔

17/X/25

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

17 اکتوبر 2025ء